کأنك تراہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دیکھو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیسے ہیں!

# جامع کلماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# المحصول في جوامع کلم الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

كَأَنَّكَ تَرَاهُ ﷺ

دیکھو سرکار ﷺ کیسے ہیں!

# جامع کلماتِ نبوی ﷺ

## المحصول في جوامع كلم الرسول ﷺ

https://www.minhajbooks.com

https://www.minhajbooks.com

کأنک تراہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دیکھو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیسے ہیں!

# جامع کلماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## اَلْمَحْصُوْل فِي جَوَامِعِ كَلِمِ الرَّسُوْل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

https://www.minhajbooks.com

جملہ حقوق بحقِ اِدارہ محفوظ ہیں۔

تالیف: شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

معاونِ ترجمہ و تخریج : اَجمل علی مجددی

زیرِ اِہتمام : فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

[Research.com.pk]

مطبع : منہاج پبلی کیشنز، اِنڈیا

اِشاعت نمبر ۱ : اکتوبر 2020ء [۱,۱۰۰ - پاکستان]

اِشاعت نمبر2 : نومبر 2020ء [۱,۱۰۰ - اِنڈیا]

قیمت : ----- روپے

**نوٹ:** شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف و تالیفات اور ریکارڈڈ خطبات و لیکچرز وغیرہ سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے تحریکِ منہاج القرآن کے لیے وقف ہے۔

fmri@research.com.pk

بسم الله الرحمن الرحيم

مولای صل وسلم دائما ابدا
علی حبیبک خیر الخلق کلهم

محمد سید الکونین والثقلین
والفریقین من عرب ومن عجم

اللهم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی آله وصحبه وبارک وسلم

https://www.minhajbooks.com

# فہرست


اِبتدائیہ 19

1۔ جوامع الکلم حضور ﷺ کے خصائص میں سے ہیں 31

2۔ اِیمان کا اَفضل درجہ کیا ہے؟ 33

3۔ ایمان کا کمال صبر اور شکر میں پوشیدہ ہے 33

4۔ دینِ اِسلام آسان ہے 34

5۔ خلوصِ نیت سے 'لا اِلٰہ اِلا اللہ' کہنے والے پر دوزخ حرام ہے 34

6۔ اللہ تعالیٰ کو آسانی و فراخی پسند ہے 35

7۔ اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند فرماتا ہے 35

8۔ اللہ تعالیٰ کس عمل کو محبوب رکھتا ہے؟ 36

9۔ اللہ تعالیٰ کس عمل کو شرفِ قبولیت سے نوازتا ہے؟ 36

10۔ اللہ تعالیٰ تم میں کیا دیکھتا ہے؟ 37

11۔ اللہ تعالیٰ باطن کو دیکھتا ہے 37

12۔ اللہ تعالیٰ کس بندے کے ساتھ ہوتا ہے؟ 38

13۔ اللہ تعالیٰ بندے کے کس فعل پر غیرت فرماتا ہے؟ 38

14۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے پسندیدہ عمل 39

15۔ اللہ تعالیٰ کو سب سے محبوب بندہ کون سا ہے؟ 39




https://www.minhajbooks.com

16۔ اللہ تعالیٰ کب تک بندہ کی دست گیری فرماتا ہے؟ 40
17۔ اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیف کیسے دور کرے گا؟ 40
18۔ روزِ قیامت اللہ تعالیٰ کے سایۂ رحمت میں کون ہو گا؟ 41
19۔ بارگاہِ الٰہی میں اَعلیٰ مقام دلانے والی دو عادات 41
20۔ رب کی اطاعت کا فائدہ اور نافرمانی کا نقصان 42
21۔ اللہ کا پسندیدہ گھر کون سا ہے؟ 42
22۔ اللہ کا کنبہ 43
23۔ اللہ تعالیٰ کو ناپسندیدہ اُمور: لایعنی گفتگو، کثرتِ سوال اور ضیاعِ مال 43
24۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سخت ناپسندیدہ شخص کون؟ 43
25۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے محبوب بنانے والے اَعمال 44
26۔ حضور ﷺ کے ساتھ شدید محبت کرنے والے خوش قسمت کون؟ 44
27۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف جھوٹ منسوب کرنے والے کا ٹھکانہ جہنم 45
28۔ رسول اللہ ﷺ نے کن چار چیزوں سے پناہ مانگی؟ 46
29۔ حضور ﷺ نے کن لوگوں کے حلقے میں شمولیت کی دعا مانگی؟ 46
30۔ حضور ﷺ نے کن چار چیزوں کے حصول کے لیے دستِ دعا بلند کیے؟ 47
31۔ دین کا ستون 47
32۔ باجماعت نماز کی ادائیگی کے لیے سکون سے آؤ 48
33۔ تحیۃ المسجد کی ادائیگی 48



https://www.minhajbooks.com

34۔ بچے کو نماز کی ترغیب کا حکم 49
35۔ نماز، زکوٰۃ، صدقہ اور قرآن 49
36۔ روزِ قیامت اَعضاے وضو کی تابندگی 50
37۔ آمدِ رمضان کی برکات 50
38۔ روزہ اور صحت مند زندگی 51
39۔ نفلی نماز، روزہ اور زکوٰۃ سے بھی اَفضل عمل 51
40۔ سب سے آسان عبادت 52
41۔ اَفضل عبادت 52
42۔ سب سے اَعلیٰ عمل 52
43۔ نیکیوں کے ترازو کو بھر دینے والا ایک کلمہ 53
44۔ نیکی اور گناہ کیا ہے؟ 53
45۔ نیک عمل اور اُن کا تسلسل 54
46۔ تقویٰ، نیکی اور حُسنِ اَخلاق 55
47۔ بہترین صدقہ 55
48۔ اَفضل صدقہ 56
49۔ بہترین جہاد 56
50۔ علم اور اَہلِ علم سے محبت کرنے والے بنو 57
51۔ علماء اَنبیاء کے وارث 57
52۔ علم پر عمل کا اِنعام 57




https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 53۔ جنت کا راستہ | 58 |
| 54۔ اِخفاے علم کی سزا | 58 |
| 55۔ اَہلیت سے عاری شخص سے علمی گُفت گو | 59 |
| 56۔ حقوق و فرائض کی بجاآوری کا حکم | 59 |
| 57۔ والدین سے حُسنِ سلوک | 59 |
| 58۔ درازیِ عمر اور رِزق میں اِضافہ کن اَعمال سے ہوتا ہے؟ | 60 |
| 59۔ نیک اَعمال اور درازیِ عمر | 60 |
| 60۔ عمر میں اِضافہ کا باعث بننے والے اَعمال | 61 |
| 61۔ کبیرہ گناہ کون سے ہیں؟ | 61 |
| 62۔ کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ | 62 |
| 63۔ ماؤں کی نافرمانی اور لڑکیوں کو زندہ در گور کرنا حرام | 62 |
| 64۔ متوفّٰی باپ کے دوستوں سے نیکی | 63 |
| 65۔ باپ کے تعلق داروں سے قطعِ تعلق کا خُسران | 63 |
| 66۔ سب سے بدتر مفلسی جہالت، بہتر دولت عقل اور وحشت ناک تنہائی خود پسندی ہے | 64 |
| 67۔ نہ ختم ہونے والی دولت | 64 |
| 68۔ اَصل طاقت ور کون؟ | 65 |
| 69۔ محبت کا منطقی اثر | 65 |
| 70۔ اُخوّت و محبت برقرار رکھنے کے لیے بعض چیزوں سے اِجتناب کرو | 66 |




https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 71۔ مسلمان ظالم نہیں ہوتا | 67 |
| 72۔ مسلمان کی جان، مال اور آبرو کی حرمت | 67 |
| 73۔ سب سے بُرے اِنسان کی نشانی | 68 |
| 74۔ خوفِ خدا کو وطیرہ بناؤ | 68 |
| 75۔ رحم کا ثمرہ | 69 |
| 76۔ سخاوت کا صلہ سخاوت | 69 |
| 77۔ بہترین سخاوت | 69 |
| 78۔ اَمن و سلامتی کب نصیب ہوتی ہے؟ | 70 |
| 79۔ اِتحاد میں رحمت ہے | 70 |
| 80۔ جنت کہاں ہے؟ | 70 |
| 81۔ مومن کی متاعِ گم گشتہ | 71 |
| 82۔ بہترین اور مکرّم شخص کون؟ | 71 |
| 83۔ خواتین کی تکریم کون کرتا ہے؟ | 72 |
| 84۔ جنت میں لے جانے والے اَعمال | 72 |
| 85۔ دعاؤں کی قبولیت کی ضمانت | 73 |
| 86۔ کامل مومن ہونے کی شرط | 73 |
| 87۔ مومنوں کی باہمی محبت | 73 |
| 88۔ اِظہارِ تشکر | 74 |
| 89۔ ہر حال میں خوفِ خدا | 74 |




https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 90۔ کامل عقل والا شخص | 75 |
| 91۔ طلبِ دنیا میں اِعتدال | 75 |
| 92۔ امانت کی اَہمیت | 75 |
| 93۔ لوگوں کے دل جیتنے کا راز | 76 |
| 94۔ دانائی کا منبع کیا ہے؟ | 77 |
| 95۔ کون سا ہاتھ بہتر ہے؟ | 77 |
| 96۔ روزِ قیامت ثابت قدم رہنے والا شخص | 78 |
| 97۔ تنگ دست کے لیے آسانی مہیا کرنا | 78 |
| 98۔ مسلمان کی پردہ پوشی | 79 |
| 99۔ پست اَعمال شخص | 79 |
| 100۔ لوگوں کو مطیع بنانے والا عمل | 80 |
| 101۔ دوست کا انتخاب | 80 |
| 102۔ حیاء ایمان کی ضمانت ہے | 81 |
| 103۔ حیاء اِیمان کا حصہ، جنت کی ضمانت اور خیر و بھلائی کا موجب ہے | 81 |
| 104۔ ظلم سے گریز | 83 |
| 105۔ بہ ترس از آہِ مظلوم | 83 |
| 106۔ دو دعائیں جو براہِ راست بارگاہِ اِلٰہی تک رسائی حاصل کرتی ہیں | 84 |
| 107۔ اللہ تعالٰی کے لیے عاجزی اِختیار کرنا | 85 |



https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| ۱۰۸۔ عفو و درگزر کا اِنعام | 85 |
| ۱۰۹۔ حفظِ مراتب کا لحاظ | 86 |
| ۱۱۰۔ اِطاعت کن اُمور میں واجب ہے؟ | 86 |
| ۱۱۱۔ کن اُمور میں مخلوق کی اِطاعت جائز نہیں؟ | 87 |
| ۱۱۲۔ تحائف کا تبادلہ: محبت اور اِخلاص پیدا کرنے کا ذریعہ | 87 |
| ۱۱۳۔ اچھے ہمسائے اور رفیقِ سفر کی تلاش | 88 |
| ۱۱۴۔ جنت اور جہنم | 89 |
| ۱۱۵۔ نیکی اور بھلائی کے کاموں کی ترغیب | 89 |
| ۱۱۶۔ دنیا: مومن کا قید خانہ | 90 |
| ۱۱۷۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے | 90 |
| ۱۱۸۔ دو رُخا پن: منافقت کی علامت | 91 |
| ۱۱۹۔ منافق کی خصلتیں | 91 |
| ۱۲۰۔ اچھی بات کا اَجر | 92 |
| ۱۲۱۔ محبت سے پیش آنا | 93 |
| ۱۲۲۔ ملاقات میں وقفہ | 93 |
| ۱۲۳۔ حکمران قوم کا خدمت گار | 94 |
| ۱۲۴۔ عیاش حکمران: قومی برائیوں کی سزا | 94 |
| ۱۲۵۔ صبر فراخی کی کنجی ہے | 94 |
| ۱۲۶۔ خود اِحتسابی | 95 |




https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 127۔ اَصل اَمیری اور اَصل غریبی | 95 |
| 128۔ سچ کہتے رہو | 95 |
| 129۔ کون سا رِزق بہتر ہے؟ | 96 |
| 130۔ نزولِ رِزق بہ قدرِ سعی و جُہد | 96 |
| 131۔ قناعت نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے | 97 |
| 132۔ اپنے سے کم تر شخص کو نگاہ میں رکھو | 97 |
| 133۔ توکل کیا ہے؟ | 98 |
| 134۔ زِیرِ کفالت اَفراد کے حقوق کی ادائیگی | 98 |
| 135۔ ہر وقت جھگڑا کرنا | 98 |
| 136۔ زمانہ سب سے بڑا واعظ ہے | 99 |
| 137۔ بہترین انسان کون ہے؟ | 99 |
| 138۔ نبوّت کا چوبیسواں حصہ | 100 |
| 139۔ میانہ روی | 100 |
| 140۔ آدھی امارت | 101 |
| 141۔ حلال چیزوں میں سب سے ناپسندیدہ عمل | 101 |
| 142۔ جو تم اپنے لیے پسند کرتے ہو، وہی دوسروں کے لیے بھی پسند کرو | 101 |
| 143۔ تربیتِ اَولاد کے لیے تین اچھی عادات | 102 |
| 144۔ تمہارا ظاہر بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا مظہر ہو | 102 |




https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 145۔ آزمائش قربتِ اِلٰہی کا موجب بھی ہے | 103 |
| 146۔ باطن کی آسودگی کسے عطا ہوتی ہے؟ | 103 |
| 147۔ دین کی سمجھ بوجھ اللہ تعالیٰ کا خصوصی اِنعام ہے | 104 |
| 148۔ اپنے عیبوں کو بھی نگاہ میں رکھو | 104 |
| 149۔ بن مانگے عطائے اِلٰہی کا مصرف | 104 |
| 150۔ دعوتِ ولیمہ میں شرکت کا حکم | 105 |
| 151۔ موت کے باوجود زندہ رہنے والے اَعمال | 105 |
| 152۔ رِحلت کر جانے والے کے عیبوں سے چشم پوشی کرو | 106 |
| 153۔ تین چیزیں: سب سے زیادہ لائق عزت | 107 |
| 154۔ تین خوبیاں روزِ قیامت حساب میں آسانی کا سبب ہوں گی | 107 |
| 155۔ تین خوبیاں: نصف معیشت، نصف عقل اور نصف علم ہیں | 108 |
| 156۔ تین نجات دینے والے اَعمال | 108 |
| 157۔ تین ہلاک کر دینے والی خامیاں | 109 |
| 158۔ دین کی تین آفات | 109 |
| 159۔ دنیا و آخرت کی بھلائی چار چیزوں میں ہے | 109 |
| 160۔ چار اَفراد جو کبھی جنت میں داخل نہ ہو سکیں گے | 110 |
| 161۔ چار اَقسام کے لوگ، اللہ جن سے نفرت کرتا ہے | 110 |
| 162۔ چار چیزیں: اِنسانی بدبختی کا مُوجب | 111 |
| 163۔ چار اَعمال: جنت کا خزانہ | 111 |



https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 164۔ چار اَعمال: جنت میں سلامتی کے ساتھ داخلے کی ضمانت | 112 |
| 165۔ پانچ نعمتوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو | 112 |
| 166۔ پانچ اَعمال میں مداومت اِختیار کرو | 113 |
| 167۔ سب سے زیادہ عذاب کے مستحق اَفراد | 113 |
| 168۔ عزتِ نفس کو پامال نہ ہونے دو | 114 |
| 169۔ مستحسن تیمارداری | 114 |
| 170۔ مریض کی عیادت اور مسلمان بھائی سے بے لوث ملاقات کا اَجر | 115 |
| 171۔ راستے سے اذیت رساں شے کو ہٹانا صدقہ ہے | 115 |
| 172۔ خوش نصیب اور خوش اَنجام عورت کون؟ | 116 |
| 173۔ رزق اِنسان کو کیسے تلاش کرتا ہے؟ | 116 |
| 174۔ قبروں کی گرمی کس عمل سے ختم ہوتی ہے؟ | 116 |
| 175۔ گناہ رِزق کو روک دیتا ہے | 117 |
| 176۔ دنیا کے نیک، عقبیٰ میں بھی نیک | 117 |
| 177۔ نعمتوں سے مالا مال اَقوام | 118 |
| 178۔ مرد کا سب سے بڑا گناہ | 118 |
| 179۔ ہر شے کے لیے ایک وقت مقرر ہے | 119 |
| 180۔ نیک طینت اور نیکوکار بندوں کے دل | 119 |
| 181۔ مومن مکمل ناپاک نہیں ہوتا | 120 |
| 182۔ شکر گزار مومن کے اَکلِ طعام کا اَجر | 120 |




https://www.minhajbooks.com

183۔ قیامت کی چار بڑی نشانیاں 120
184۔ رجائیت کا پیکر مومن ہی جنت میں داخل ہو گا 121
185۔ رَحِم ہی رحمان سے ملاتا ہے 121
186۔ سچائی جنت کی طرف لے جاتی ہے 122
187۔ کون سا عمل معصیت کی شاہ راہ کا مسافر بناتا ہے؟ 123
188۔ کون سا تاجر روزِ قیامت بحیثیت گناہ گار نہیں اُٹھایا جائے گا؟ 123
189۔ بعض بیان اور شعر سحر و حکمت کے حامل ہوتے ہیں 124
190۔ جلیل القدر بندے: اللہ تعالیٰ جن کی قسم کی پاس داری کرتا ہے 124
191۔ روزِ قیامت سب سے پہلے کس جرم کا فیصلہ ہو گا؟ 125
192۔ بدترین خیانت 125
193۔ دینی اُمور میں بے جا تعمق سے اِجتناب 126
194۔ بدترین شخص کون؟ 126
195۔ غصہ کس کا فرستادہ ہے؟ 127
196۔ بدگمانی سے دوری 127
197۔ دو بُری خصلتیں 127
198۔ برائی کے اثرات کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟ 128
199۔ ہر برائی کی جڑ 128
200۔ خیانت: ایک بدترین خصلت 129
201۔ فاسق و کافر کون؟ 129



https://www.minhajbooks.com

| | |
|---|---|
| 202۔ حسد سے بچنے کا طریقہ | 130 |
| 203۔ جھوٹی زبان | 130 |
| 204۔ سب سے بڑا جھوٹ | 130 |
| 205۔ قرض سے اِجتناب | 131 |
| 206۔ معذرت پر مجبور کرنے والے کاموں سے دریغ کرو | 131 |
| 207۔ اَصل محتاجی کیا ہے؟ | 132 |
| 208۔ مومن کی فراست و حکمت کا مقام | 132 |
| 209۔ دوستی اور دشمنی اِختیار کرنے میں اِعتدال و توازن | 133 |
| 210۔ اِعتدال و توازن اِختیار کرنے والا کبھی مفلس نہیں ہوتا | 133 |
| 211۔ بہت زیادہ عیب جُو اور خوشامدی نہ بنو | 134 |
| 212۔ اپنے مسلمان بھائی کی آزمائش پر ہرگز خوش نہ ہو | 134 |
| 213۔ اُمتِ مسلمہ، اُمتِ مرحومہ ہے | 135 |
| المصادر والمراجع | 137 |




https://www.minhajbooks.com

# اِبتدائیہ

حبیبِ خدا، اَحمد مجتبیٰ، محمد مصطفی، سید الانبیاء، اَخطب الخطباء، فخر موجودات اور باعثِ تخلیقِ کائنات ﷺ کی حیات طیبہ کو قرآنِ رفیع المرتبت نے اُسوۂ حسنہ قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ کی شخصیت مجسمِ محامد، سراپا محاسن اور پیکرِ شمائل و خصائل ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ

لا یمکن الثناء کما کان حقه

بعد اَز خدا بزرگ توئی قصۂ مختصر

حضور نبی اکرم ﷺ نے حکمِ اِلٰہی سے جب صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو کر قریشِ مکہ کے تمام شعوب و قبائل کو دینِ اِسلام اور دینِ حق کی طرف دعوت دینے کے لیے پکارا تو وہ آپ ﷺ کی آواز سنتے ہی جمع ہو گئے۔ اِس موقع پر آپ ﷺ نے ان سے جو دعوتی گفتگو کی، اس کا مقصد یہ تھا کہ مکہ کے تمام قبائلی سرداروں اور لوگوں سے اِس اَمر کی تصدیق و توثیق کرا لی جائے کہ انہوں نے مجھے 40 سالہ زندگی میں اَفعال و اَعمال، کردار و گفتار اور عادات و صفات میں کیسا پایا۔ سب نے بالاتفاق اور بیک زبان اِس اَمر کی توثیق و تصدیق کرتے ہوئے اِقرار و اِعلان کیا کہ 'آپ صادق القول اور وعد الامین ہیں'۔ آپ ﷺ نے اس کے بعد فرمایا کہ اگر تم اِس بات کا اِعلانیہ اِقرار کرتے ہو تو آؤ میں تمہیں کامیابی و کامرانی اور فوز و فلاح کا ایک مختصر ترین مگر جامع پیغام دیتا ہوں۔ یہ سنتے ہی سب کی مستفسرانہ نگاہیں آپ ﷺ کے رُوئے انور پر مرکوز ہو گئیں اور سماعتیں اس پیغام کو



https://www.minhajbooks.com

سننے کے لیے بے قرار و بے تاب دکھائی دیں۔ تب آپ ﷺ نے اپنا رُوئے سخن ہر ایک کی طرف کرتے ہوئے 6 الفاظ پر مشتمل ایک جملہ کہا: قُوْلُوْا لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوْا[1] (تم سب مل کر اِس اَمر کا اِقرار کرو اور شہادتِ حق دو کہ تم میں سے جو کوئی لا الہ الااللہ کہہ دے گا، وہ فلاح اور کامیابی سے ہم کنار ہوگا)۔ سیکڑوں بتوں کی پوجا کرنے والے قبیلوں کے سردار اور ان کے حوالی و موالی یہ سنتے ہی آگ بگولہ اور آتش زیر پا ہو گئے۔ ہوتے بھی کیوں ناں؟ وہ تو مٹی، پتھر، لوہے اور پیتل سے بنے ہوئے لات و عزیٰ کو اِلٰہ ماننے کے ساتھ ساتھ اپنے قبائلی سرداروں کو بھی اپنا پالنہار، اَرضی خدا اور مجازی اِلٰہ تصور کرتے تھے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اتنے معجزات عطا فرمائے ہیں کہ اُن کا شمار ممکن نہیں۔ آسماں پر اُتنے ستارے،سورج میں اتنی کرنیں، بادلوں میں اتنے قطرے، دریاؤں میں اتنی لہریں، سمندروں میں اتنی مچھلیاں، پہاڑوں میں اتنے کنکر، صحراؤں میں اتنے ذرے، جنگلوں میں اتنے درخت، درختوں کے وجود پر اتنی شاخیں، شاخوں پر اتنے پتے، پتوں پر اُتنے ریشے، باغوں میں اتنے پودے، پودوں کی ڈالیوں پر اتنے پھول، پھولوں میں اتنی پنکھڑیاں، صبا کے دامن میں اتنے جھونکے اور کائنات کی بےکراں وسعتوں میں اتنے سیارے نہیں پائے جاتے، جتنے معجزات رب کائنات نے محبوب کائنات ﷺ کو ودیعت فرمائے ہیں۔ آپ ﷺ کا پیدا ہونا، سانس لینا، ہمکنا، چھونا، آنا، جانا، چلنا، پھرنا، اٹھنا، بیٹھنا، کھانا، پینا، سونا، جاگنا، سستانا، ملنا جلنا، قیام کرنا، سوار ہونا، سفر کرنا، تجارت کرنا، دعوت دینا، تبلیغ کرنا اور

---

(١) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، 3/ 492، الرقم/ 16066، وابن حبان في الصحيح، 14/ 518، الرقم/ 6562.



https://www.minhajbooks.com

گفت گو کرنا غرضیکہ آپ ﷺ کا ہر ہر عمل ایک زندہ و جاوید، دائمی و سرمدی اور جاودانی و لاثانی معجزہ ہے۔

فرش میں تیرے ہمہمے، عرش میں تیرے زمزمے
بھیج رہی ہے کائنات تجھ پر سلام اور صلوٰۃ

رب العالمین نے رحمۃ للعالمین ﷺ کی ذات معجز صفات کو جن بے کراں اَلطاف و عنایات اور بے پایاں نوازشات و اِنعامات سے آراستہ کیا ہے، اُن میں اَہم ترین آپ ﷺ کا جوامع الکلم ہونا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''أُوْتِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ''(2) یعنی 'مجھے جامع کلمات عطا کیے گئے ہیں'۔ صفا کی پہاڑی سے دیا جانے والا لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ کا پیغام بھی اِنہی جوامع الکلم میں سے ایک ہے۔ گویا آپ ﷺ نے اِعلانِ نبوت کا آغاز ہی لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ کے جامع اور مختصر کلمہ سے کیا۔ جو کلمہ جتنا جامع اور مختصر ہو گا اُس کے اِبلاغ کا دائرہ اُفق در اُفق اُتنا ہی وسیع ہو گا۔ یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہے کہ جو کلمہ جامع ہو گا، وہ بلیغ بھی ہو گا، فصیح بھی ہو گا اور طیب بھی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے 6 چیزوں کے ذریعے دوسرے انبیاء پر فضیلت دی گئی ہے: (1) مجھے جامع کلمات عطا ہوئے، (2) دشمنوں کے دل میں میرا رعب ڈالنے کے ذریعے مجھے فتح و نصرت عطا فرمائی گئی، (3) مالِ غنیمت میرے لیے حلال ہوا، (4) ساری زمین کو

---

(2) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، 2/ 250، الرقم/ 7397.



https://www.minhajbooks.com

میرے لیے سجدہ گاہ اور پاک قرار دیا گیا، (5) ساری مخلوق کے لیے مجھے نبی بنا کر بھیجا گیا، اور (6) نبوت و رسالت کا سلسلہ مجھ پر ختم کیا گیا(3)۔‘‘

نبی مکرم، حضور معظم، رسول محتشم، آئینِ اِنسانیت کے مؤسسِ اَعظم اور اَنبیاء و رُسل کے قائدِ اَعظم ﷺ نے 23 سالہ دعوت و تبلیغ کے نورانی عمل کے دوران اپنوں، بیگانوں، ساتھیوں، دشمنوں، ماننے والوں اور نہ ماننے والوں سے جو بھی اور جتنی بھی گفت گو کی، وہ آپ ﷺ کے اَفصح العرب ہونے کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کے اَفصح الناس ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ فصاحت ایسی صفتِ کلام ہے، جس میں سلاست و شستگی، خوش بیانی اور شگفتہ کلامی بدرجہ اَتم موجود ہو۔ فصاحت کی حامل ایسی گفت گو اور ادا کیے گئے جملے کو بھی کہتے ہیں جس میں کسی بھی لحاظ سے غلطی کا اِحتمال اور شائبہ نہ ہو۔ جہاں فصاحت ہوگی وہاں بلاغت بھی ہوگی۔ گویا آقاءِ کائنات ﷺ کے فرمودات فصاحت و بلاغت کا مجموعہ، گلدستہ اور مرقع ہیں۔ فصیح و بلیغ جملہ اُسے ہی تسلیم کیا جاتا ہے جس میں لفظوں کا استعمال بر محل ہو اور ان میں ثقیل، درشت، غیر مانوس اور خلافِ محاورہ الفاظ اور نامانوس اِصطلاحات و تراکیب نہ ہوں۔ نیز ماہرینِ لسانیات اور علماءِ ادب کے نزدیک اُن

(3) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، 1/ 371، الرقم/ 523، والترمذي في السنن، كتاب السير، باب ما جاء فى الغنيمة، 4/ 123، الرقم/ 1553، وابن حبان في الصحيح، 6/ 87، الرقم/ 2313، 14/ 311، الرقم/ 6401، 6403، وأبو يعلى في المسند، 11/ 377، الرقم/ 6491، والطبراني في المعجم الأوسط، 2/ 12، الرقم/ 506، وأبوعوانة في المسند، 1/ 330، الرقم/ 1169، والبيهقي في السنن الكبرى، 2/ 433، الرقم/ 4063.



https://www.minhajbooks.com

میں تنافر نہ ہو، الفاظ اَدقّ نہ ہوں اور قواعدِ صرفی کے خلاف نہ ہوں‘۔ فصاحت کا تعلق لفظ کے حسن و خوبی سے ہے اور یہ بلاغت معنوی حسن و خوبی کی آئینہ داری کرتی ہے۔ بلاغت باقاعدہ ایک فن ہے جو تین شاخوں: علمِ معانی، علمِ بیان اور علمِ بدیع پر مشتمل ہے۔ جس کی بدولت گفت گو دلکش اور مقتضاءِ حال بنتی ہے۔ اِختصار بھی فصاحت و بلاغت کی ایک بڑی خوبی اور حسن ہے۔ طول طویل، وسیع و عریض اور پھیلے ہوئے مفہوم کو مختصر اور جامع الفاظ میں بیان کرنا اور قلیل ترین الفاظ میں کثیر المعانی مطالب و مفاہیم کو پیش کردینا ہی فصاحت ہے۔ اِسی لیے زبان و ادب کے ماہرین اِختصار کو فصاحت کی جان اور روح قرار دیتے ہیں۔ اِیجاز بھی فصاحت کا ایک لازمہ ہے یعنی گفت گو میں طوالت سے پرہیز اور کفایتِ لفظی سے کام لینا۔ اِسی لیے اِیجاز کو اِعجاز سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

عربوں کے ہاں فصاحت اِس قدر عام تھی کہ شوہر گھر میں داخل ہوا اور بیوی سے پوچھا: ہنڈیا کہاں تک تیار ہوئی ہے؟ ---- بیوی نے بلا توقف جواب دیا: خطیب خطبے کے لیے کھڑا ہوگیا ہے---- یہ تو عام عربوں کی قادر الکلامی کا عالم تھا۔ اس کا اَفصح الناس، اَفصح العرب و العجم اور صاحب التاج و المعراج و القلم ﷺ سے تقابل بھی سوئے ادب کے زُمرہ میں آتا ہے۔ بتانا یہ مقصود ہے کہ زبان و بیان کی نفاستیں، نزاکتیں اور لطافتیں عربوں کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ عرب اپنے علاوہ دنیا بھر میں کسی بھی دیگر زبان بولنے والے کو عجمی (گونگا) تصور کرتے تھے۔ یہ تو طے ہے کہ عربی زبان دنیا کی امیر، زرخیز اور وسیع ترین زبان ہے۔ عربی کو اِس لحاظ سے بھی فضیلت حاصل ہے کہ یہ حضور خاتم النبیین ﷺ کی زبان ہے، یہ کتاب مبین قرآن کی زبان ہے اور جنتیوں کی زبان ہے۔ ان عربوں کو جو اپنی زبان دانی اور فصاحت و بلاغت پر ہمیشہ نازاں اور متفخر

رہے، سب سے پہلے حضور نبی اکرم ﷺ کی وساطت سے قرآن مجید نے انہیں چیلنج کیا:

﴿وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا۟ بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِۦ وَٱدْعُوا۟ شُهَدَآءَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿٢٣﴾ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا۟ وَلَن تَفْعَلُوا۟ فَٱتَّقُوا۟ ٱلنَّارَ ٱلَّتِي وَقُودُهَا ٱلنَّاسُ وَٱلْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَٰفِرِينَ ﴿٢٤﴾﴾(4)

اور اگر تم اس (کلام) کے بارے میں شک میں مبتلا ہو جو ہم نے اپنے (برگزیدہ) بندے پر نازل کیا ہے تو اس جیسی کوئی ایک سورت ہی بنا لاؤ، اور (اس کام کے لیے بے شک) اللہ کے سوا اپنے (سب) حمائتیوں کو بلا لو اگر تم (اپنے شک اور انکار میں) سچے ہوo پھر اگر تم ایسا نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے بچو جس کا ایندھن آدمی (یعنی کافر) اور پتھر (یعنی ان کے بت) ہیں، جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہےo

سورۂ بنی اسرائیل میں یہ چیلنج دوبارہ دیا جاتا ہے۔ اب یہ چیلنج صرف اِنسانوں ہی کے لیے نہیں بلکہ جنات کے لیے بھی تھا۔ ارشاد فرمایا:

﴿قُل لَّئِنِ ٱجْتَمَعَتِ ٱلْإِنسُ وَٱلْجِنُّ عَلَىٰٓ أَن يَأْتُوا۟ بِمِثْلِ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِۦ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ

---

(4) البقرة، 2/ 23-24.



https://www.minhajbooks.com

ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾﴾(5)

فرما دیجیے: اگر تمام انسان اور جنّات اس بات پر جمع ہو جائیں کہ وہ اس قرآن کے مثل (کوئی دوسرا کلام بنا) لائیں گے تو (بھی) وہ اس کی مثل نہیں لاسکتے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار بن جائیںo

سورۃ الجن کی یہ آیات بھی ملاحظہ کیجیے:

﴿قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ ٱسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ ٱلْجِنِّ فَقَالُوٓاْ إِنَّا سَمِعْنَا قُرْءَانًا عَجَبًا ﴿١﴾ يَهْدِيٓ إِلَى ٱلرُّشْدِ فَـَٔامَنَّا بِهِۦ ۖ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ أَحَدًا ﴿٢﴾﴾(6)

آپ فرما دیں: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (میری تلاوت کو) غور سے سنا، تو (جا کر اپنی قوم سے) کہنے لگے: بے شک ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہےo جو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے، سو ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں، اور اپنے رب کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں ٹھہرائیں گےo

جس ہستی کے قلبِ اَطہر پر قرآن کا نزول ہوا، یہ کیسے ممکن ہے کہ اس کی زبانِ فصاحت ترجمان سے ادا ہونے والے کسی قول یا کلمہ کا جواب عرب کے شعراء، خطباء، اُدباء اور فصحا لا سکتے! آپ ﷺ کے مقدس ہونٹوں سے ادا ہونے والا ہر جملہ جہاں فصاحت و بلاغت کی معراج پر ہوتا، بھلے وہ کتنا ہی مختصر کیوں نہ

---

(5) بنی إسرائیل، 17/ 88.

(6) الجن، 72/ 1-2.



https://www.minhajbooks.com

ہوتا، ہمیشہ کامل المفہوم ہوتا۔ ماہرین کے نزدیک مختصر ترین الفاظ میں جامع اِبلاغ رکھنے والی گفت گو ہی اَحسن ترین گفت گو ہے۔ گفت گو کو عربی میں کلام بھی کہتے ہیں۔ نبی مکرم ﷺ چونکہ سید الانبیاء والمرسلین ہیں، اس لیے آپ ﷺ کے دہن مبارک سے نکلنے والا ہر مختصر ترین جملہ بھی سید الکلام ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے بارے میں قرآن مجید کی سورۃ النجم میں واضح کیا گیا ہے:

﴿وَمَا يَنطِقُ عَنِ ٱلْهَوَىٰٓ ۝٣ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۝٤﴾(7)

اور وہ (اپنی) خواہش سے کلام نہیں کرتےo اُن کا ارشاد سَراسَر وحی ہوتا ہے جو انہیں کی جاتی ہےo

مولانا ظفرعلی خان نے اِس آیت مبارکہ کا کیا خوب ترجمہ کیا ہے:

خدا نے اُس کو اپنے حسن کے سانچے میں ڈھالا ہے
چھنا ہے اس کا پرتَو نورِ صبحِ اَوّلیں ہو کر
نہ نکلی کوئی بات اُس کی زباں سے تا دمِ آخر
نہ نکلی ہو جو زیبِ نطقِ جبریلؑ امیں ہو کر

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

وہ شمع اُجالا جس نے کیا چالیس برس تک غاروں میں
اِک روز جھلکنے والی تھی سب دنیا کے درباروں میں
جو فلسفیوں سے کُھل نہ سکا اور نکتہ وروں سے حل نہ ہوا

---

(7) النجم، 53/ 2-3.

وہ راز اِک کملی والے نے بتلا دیا چند اِشاروں میں
وہ جنس نہیں ایمان جسے لے آئیں دکانِ فلسفہ سے
ڈھونڈے سے ملے گی عاقل کو یہ قرآں کے سیپاروں میں

حضور نبی اکرم ﷺ کو صبحِ اَلست سے شامِ قیامت تک جنم لینے والے تمام انسانوں کو دی جانے والی تمام اَہلیتوں اور صلاحیتوں کی معراج، کمال، عروج اور اَوج عطا کیا گیا۔ یہ تو ایک مسلّمہ صداقت ہے کہ اس کائنات میں صرف اور صرف انسان ہی افضل المخلوقات ہے۔ یہ تمام مخلوقات سے اِس لیے اَفضل و اَعلیٰ ہے کہ اِسے قوتِ بیان عطا کی گئی ہے۔ یہ واحد صلاحیت ہے جو انسان کو دیگر مخلوقات سے ممتاز و منفرد بناتی ہے۔ اِسی لیے سورۃ الرحمن کی پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ کی صفتِ رحمانیت کا بیان ہے۔ اللہ کی صفات میں سے یہ صفت سب صفات پر غالب ہے۔ دوسری آیہ کریمہ بتاتی ہے کہ اس اعلیٰ ترین صفت رکھنے والی اللہ کی ذات کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اس نے قرآن سکھلایا۔ کون نہیں جانتا کہ قرآنِ عالی شان تمام اُلوہی اور آسمانی صحائف و کتب میں اَرفع مقام رکھتا ہے؟ تیسری آیۂ کریمہ میں بتایا کہ اس رب رحمان نے انسان کو پیدا کیا۔ انسان تمام مخلوقات میں اعلیٰ ترین مخلوق ہے۔ چوتھی آیت واضح کرتی ہے کہ اس اعلیٰ و افضل ترین مخلوق کو جو سب سے اَعلیٰ اَہلیت اور اَرفع قابلیت عطا کی، وہ قوتِ بیان ہے۔ گویا قوتِ بیان وہ نعمت ہے جو حضرتِ انسان کو ربِ رحمن کی طرف سے ملنے والی تمام اَہلیتوں اور قابلیتوں میں سے چوٹی کی نعمت ہے۔ باقی قابلیتیں اور اَہلیتیں تو دیگر مخلوقات میں بھی پائی جاتی ہیں۔ وہ سانس لیتی ہیں، کھاتی ہیں، پیتی ہیں، سوتی ہیں، جاگتی ہیں، شہوانی جذبات کی تسکین کرتی ہیں، تیرتی ہیں، غوطہ لگاتی ہیں، رینگتی ہیں، چلتی ہیں، دوڑتی ہیں، اچھلتی ہیں، کودتی ہیں، زقند بھرتی ہیں، اُڑتی



https://www.minhajbooks.com

ہیں، جھپٹتی ہیں، لڑتی ہیں، جھگڑتی ہیں، غصے میں آتی ہیں، پیار کرتی ہیں، نفرت کرتی ہیں، اداس ہوتی ہیں اور خوش بھی ہوتی ہیں لیکن وہ اپنے ان تمام اَعمال و اَفعال اور حرکات و سکنات کو زبان نہیں دے سکتیں کہ وہ ربِ رحمن کی عظیم نعمت قوتِ بیان اور طاقتِ گویائی سے محروم ہیں۔ اِس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ بولتے نہیں۔ وہ بولتے ہیں لیکن ان کے بولنے کو کبھی بولنے سے تعبیر نہیں کیا گیا۔ عام انسانوں کے لیے ان کی آوازیں آج تک ناقابلِ فہم ہیں۔ یہ اَہلیت، صلاحیت، اِستعداد اور قابلیت صرف اور صرف حضرتِ انسان کو عطا کی گئی ہے۔ وہ اپنے جذبات و محسوسات کا اِظہار کرسکتا ہے، اپنی کیفیات و واردات کو بیان کرسکتا ہے، وہ اپنے درد و کرب اور خوشی و مسرت کے لیے الفاظ کا چناؤ کرسکتا ہے، وہ اپنے مافی الضمیرکو ہونٹوں تک لاسکتا ہے اور اسے جامع اور قابلِ فہم انداز میں پیش بھی کرسکتا ہے۔ ماہرین اِس اَمر پر متفق ہیں کہ اِنسانی دماغ کی ساخت تمام دیگر مخلوقات کے مقابلے میں اِس لحاظ سے مختلف ہے کہ اِس کا سب سے بڑا حصہ مرکزِ تکلم (speech centre) ہے۔ لیکن محض بولنا، بیان دینا، گفت گو کرنا، تقریر کرنا اور خطاب کرلینا ہی کافی نہیں ہوتا۔ اِنسانی زبان سے ادا ہونے والے ہر بول، گفت گو، بیان، تقریر اور خطاب کو اِنسانی معاشرے اہمیت نہیں دیتے تا وقت یہ کہ ان کے اظہار کے لیے عمدہ، نفیس، دلنشیں اور جامع ترین الفاظ کا چناؤ نہ کیا گیا ہو۔

حضور نبی اکرم ﷺ جب کسی محفل، مجلس اور اِجتماع کے شرکاء سے خطاب فرماتے تو سب کو یکساں محبت اور توجہ عطا فرماتے۔ اپنے سامعین میں سے کسی کے ساتھ کوئی امتیازی رویہ نہ برتتے۔ اَنصار و مہاجر، غلام و آقا، قریش و غیر قریش، امیر و غریب اور کالے گورے آپ ﷺ کے دَربارِ دُربار میں یکساں اِکرام و اِعزاز



https://www.minhajbooks.com

پاتے۔ سب ایک ہی قطار میں کھڑے ہوتے۔ ایک ہی چٹائی پر بیٹھتے۔ ایک ہی میدان میں جہاں جگہ مل جاتی سراپا گوش ہوکر مؤدبانہ انداز میں فروکش ہوجاتے۔ کسی کے لیے کوئی خاص جگہ مختص نہ تھی۔ بعد میں آنے والے کسی فرد کو اِس اَمر کی اجازت نہ ہوتی کہ وہ پہلے سے موجود صحابہ کے کاندھوں کو پھلانگتے ہوئے اگلی صفوں میں بیٹھ سکے۔ وہ بوریا نشین جنہیں مالکِ عرش بریں سے براہِ راست ہم کلامی کا شرف حاصل تھا، جب آپ ﷺ مجلس میں رونق افروز ہوتے اور آپ کا روئے سخن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف ہوتا تو آپ ﷺ کی توجہ مساویانہ، انداز مشفقانہ، آواز حلیمانہ، الفاظ حکیمانہ، لہجہ خلیقانہ اور جملے فصیحانہ اور بلیغانہ ہوتے۔ اس رحمت و رافت اور مؤدت و موانست کا اعجاز تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کی مجلس میں یوں مؤدّبانہ ہمہ تن گوش ہو کر بیٹھتے کہ ہر کہ و مہ محسوس کرتا کہ آپ ﷺ اُسی سے مخاطب ہیں۔ وہ اپنی سماعتوں کے دامن اور قلب و نظر کے سفینے میں حکمت و بصیرت، ذکاوت و ذہانت اور دین و دانش کے انمول اور نادر و نایاب موتیوں کو سمیٹتے چلے جاتے۔

آپ ﷺ کی آوازمبارک میں لاثانی وقار اور عدیم المثال خطیبانہ دبدبہ اور فصیحانہ طنطنہ تھا۔ ہوتا بھی کیوں ناں کہ آپ ﷺ اَفصح العرب اور اَفصح الناس تھے۔ آپ ﷺ کے لہجے میں دلوں میں اترجانے اور روحوں میں سما جانے والی دل کشی تھی۔ آپ ﷺ نے جب منیٰ میں خطبہ حجۃ الوداع دیا تو دور و نزدیک موجود ایک لاکھ سے زائد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اسے ایسے سنا گویا آپ ﷺ ان میں سے ہر ایک سے مخاطب ہوں۔ ایک ایک لفظ ان کی سماعتوں میں سے ہوتا ہوا ان کے اَذہان و قلوب کی اَلواح پر مرتسم ہو گیا۔ یہ آپ ﷺ کی آواز کی دل نشینی اور دل پذیری تھی کہ آپ ﷺ کا ہر قول صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلوں کی انگشتریوں میں نگینوں کی



https://www.minhajbooks.com

طرح جڑ جاتا۔ وہ آپ ﷺ کے فرمودات و ملفوظات کو ایک لفظ کی تقدیم و تاخیر کے بغیر آنے والی نسلوں کو منتقل کرتے رہے۔

کتاب ہٰذا میں قارئین کے عمدہ روحانی ذوق کے لیے منتخب جوامع الکلم کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اِس کاوش کا مقصد دلوں میں حبِ رسالت مآب ﷺ کو راسخ کرنا اور مادّی تصورِ حیات کے اِس دور میں اپنی روحوں کو حضور نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات کے ذریعے روشن کرنا ہے۔


https://www.minhajbooks.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

## جوامع الکلم حضور ﷺ کے خصائص میں سے ہیں

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

١. بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَبَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي أُتِيتُ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، فَوُضِعَتْ فِي يَدِي(8).

میں جامع کلمات کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہوں اور رُعب کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے اور دورانِ نیند خواب میں، میں نے خود کو دیکھا کہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں میرے لیے لائی گئیں اور میرے ہاتھ میں تھما دی گئیں۔

---

(8) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب قول النبي ﷺ: بعثت بجوامع الكلم، 6/ 2654، الرقم/ 6845، وفي كتاب الجهاد، باب قول النبي ﷺ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مسيرة شهر، 3/ 1087، الرقم/ 2815، وفي كتاب التعبير، باب المفاتيح في اليد، 6/ 2573، الرقم/ 6611، ومسلم في الصحيح، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، 1/ 371، الرقم/ 523، والنسائي في السنن، كتاب الجهاد، باب وجوب الجهاد، 6/ 3-4، الرقم/ 3087-3089، وفي السنن الكبرى، 3/ 3، الرقم/ 4295، وأحمد بن حنبل في المسند، 2/ 264، 455، الرقم/ 7575، 9867، وابن حبان في الصحيح، 14/ 277، الرقم/ 6363.



https://www.minhajbooks.com

2. فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ: أُعْطِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَهُوْرًا وَمَسْجِدًا، وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّوْنَ(9).

مجھے دیگر اَنبیاء پر چھ چیزوں کے باعث فضیلت دی گئی ہے۔ میں جوامع الکلم سے نوازا گیا ہوں اور رُعب کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے اور میرے لیے اَموالِ غنیمت حلال کیے گئے ہیں اور میرے لیے (ساری) زمین پاک کر دی گئی ہے اور سجدہ گاہ بنا دی گئی ہے اور میں تمام مخلوق کی طرف بھیجا گیا ہوں اور میری آمد سے اَنبیاء کا سلسلہ ختم کر دیا گیا ہے۔

3. إِنَّمَا بُعِثْتُ فَاتِحًا وَخَاتِمًا، وَأُعْطِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَفَوَاتِحَهُ(10).

---

(9) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، 1/ 371، الرقم/ 523، والترمذي في السنن، كتاب السير، باب ما جاء فى الغنيمة، 4/ 123، الرقم/ 1553، وابن حبان في الصحيح، 6/ 87، الرقم/ 2313، 14/ 311، الرقم/ 6401، 6403، وأبو يعلى في المسند، 11/ 377، الرقم/ 6491، والطبراني في المعجم الأوسط، 2/ 12، الرقم/ 506، وأبوعوانة في المسند، 1/ 330، الرقم/ 1169، والبيهقي في السنن الكبرى، 2/ 433، الرقم/ 4063.

(10) أخرجه عبد الرزاق في المصنف، 6/ 112، الرقم/ 10163، والبيهقي في شعب الإيمان، 4/ 307، الرقم/ 5202، وابن راشد في الجامع، 11/ 111، والمناوي في فيض القدير، 2/ 568، والطبري في جامع البيان، 15/ 8، وابن



https://www.minhajbooks.com

مجھے ’فاتح‘ اور ’خاتم‘ بنا کر مبعوث کیا گیا ہے اور مجھے جوامع الکلم اور فواتح الکلم عطا کیے گئے ہیں۔

4. أُوْتِيْتُ فَوَاتِحَ الْكَلِمِ، وَخَوَاتِمَهُ، وَجَوَامِعَهُ[11].

مجھے کلمات کے آغاز اور اِختتام کا حسن و کمال اور ان کی جامعیت عطا کی گئی ہے۔

## اِیمان کا اَفضل درجہ کیا ہے؟

5. إِنَّ أَفْضَلَ الْإِيمَانِ أَنْ تَعْلَمَ أَنَّ اللهَ مَعَكَ حَيْثُمَا كُنْتَ[12].

ایمان کا سب سے افضل درجہ یہ ہے کہ تم جہاں بھی ہو تمہیں اِس اَمر کا یقین کامل ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے۔

## ایمان کا کمال صبر اور شکر میں پوشیدہ ہے

6. اَلْإِيْمَانُ نِصْفَانِ: نِصْفٌ فِي الصَّبْرِ، وَنِصْفٌ فِي الشُّكْرِ[13].

---

كثير في تفسير القرآن العظيم، 3/ 21، والقاضي عياض في الشفا، 1/ 329، والمناوي في فيض القدير، 2/ 232.

(11) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، 2/ 172، الرقم/ 6606.

(12) أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، 8/ 336، الرقم/ 8796، وابن رجب الحنبلي في جامع العلوم والحكم، 1/ 34، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد، 1/ 60، والهندي في كنز العمال، 1/ 34، الرقم/ 66.



https://www.minhajbooks.com

ایمان کے دو حصے ہیں: آدھا ایمان صبر میں ہے اور آدھا شکر میں۔

## دینِ اِسلام آسان ہے

7. إِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ، وَلَنْ يُشَادَّ الدِّيْنَ أَحَدٌ إِلَّا غَلَبَهُ(14).

بے شک دین آسان ہے اور جو اُسے مشکل بنانے کی کوشش کرے گا تو یہ اُس پر غالب آجائے گا۔

## خلوصِ نیت سے ’لا اِلٰہ اِلا اللہ‘ کہنے والے پر دوزخ حرام ہے

8. إِنَّ اللهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، يَبْتَغِي بِذَلِكَ وَجْهَ اللهِ(15).

---

(13) أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، 7/ 123، الرقم/ 9715، والديلمي في مسند الفردوس، 1/ 111، الرقم/ 378.

(14) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الإيمان، باب الدين يسر، 1/ 23، الرقم/ 39، والنسائي في السنن، كتاب الإيمان وشرائعه، باب الدين يسر، 8/ 121، الرقم/ 5034، وابن حبان في الصحيح،2/ 63، الرقم/ 351.

(15) أخرجه البخاري في الصحيح، أبواب المساجد، باب المساجد في البيوت، 1/ 164، الرقم/ 415، وأيضًا في كتاب الأطعمة، باب الخزيرة، 5/ 2063، الرقم/ 5086، ومسلم في الصحيح، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب الرخصة في التخلف عن الجماعة بعذر، 1/ 455، الرقم/ 658، وأبو عوانة في المسند، 1/ 357، الرقم/ 1282، والبيهقي في السنن الكبرى، 10/ 124، الرقم/ 20179.



https://www.minhajbooks.com

رضائے اِلٰہی کی خاطر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللهُ کہنے والے پر اللہ تعالیٰ نے دوزخ حرام کر دیا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کو آسانی و فراخی پسند ہے

٩. إِنَّ اللهَ تَعَالَى رَضِيَ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ الْيُسْرَ، وَكَرِهَ لَهَا الْعُسْرَ[16].

اللہ تعالیٰ نے اِس اُمت کے لیے آسانی و فراخی پسند فرمائی ہے اور تنگی و مشکل ناپسند فرمائی ہے۔

## اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند فرماتا ہے

١٠. إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ[17].

اللہ رب العزت ہر معاملے میں نرمی کو پسند فرماتا ہے۔

١١. مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ، فَقَدْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الْخَيْرِ[18].

---

(16) أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، 20/ 298، الرقم/ 707، والحارث في المسند (زوائد الهيثمي)، 1/ 343، الرقم/ 237، وذكره الهندي في كنز العمال، 3/ 17، الرقم/ 5331.

(17) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الأدب، باب الرفق في الأمر كله، 5/ 2242، الرقم/ 5678، ومسلم في الصحيح، كتاب السلام، باب النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام وكيف يرد عليهم، 4/ 1706، الرقم/ 2165، والترمذي في السنن، كتاب الاستئذان، باب ما جاء في التسليم على أهل الذمة، 5/ 60، الرقم/ 2701، وابن حبان في الصحيح، 14/ 353، الرقم/ 6441.



https://www.minhajbooks.com

جس شخص کو نرمی میں سے حصہ دیا گیا، اُسے خیر اور بھلائی میں سے حصہ عطا ہو گیا۔

## اللہ تعالیٰ کس عمل کو محبوب رکھتا ہے؟

12. إِنَّ اللهَ كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ، وَمَعَالِيَ الْأَخْلَاقِ، وَيُبْغِضُ سَفْسَافَهَا(19).

بے شک اللہ تعالیٰ کریم ہے، وہ کرم کو پسند فرماتا ہے، اَعلیٰ اخلاق کو محبوب رکھتا ہے اور گھٹیا اَخلاق کو ناپسند کرتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کس عمل کو شرفِ قبولیت سے نوازتا ہے؟

13. إِنَّ اللهَ لَا يَقْبَلُ مِنَ الْعَمَلِ إِلَّا مَا كَانَ لَهُ خَالِصًا، وَابْتُغِيَ بِهِ وَجْهُهُ(20).

---

(18) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، 6/ 451، الرقم/ 27593، والترمذي في السنن، كتاب البر والصلة، باب ما جاء في الرفق، 4/ 367، الرقم/ 2013، وإسحاق بن راهويه في المسند، 5/ 263، الرقم/ 2417، والحميدي في المسند، 1/ 193، الرقم/ 393.

(19) أخرجه الحاكم في المستدرك، 1/ 112، الرقم/ 152، والبيهقي في السنن الكبرى، 10/ 191، الرقم/ 20570، وأيضًا في شعب الإيمان، 6/ 240، الرقم/ 8011، وأبونعيم في حلية الأولياء، 3/ 255.

(20) أخرجه النسائي في السنن، كتاب الجهاد، باب من غزا يلتمس الأجر والذكر، 6/ 25، الرقم/ 3140.



https://www.minhajbooks.com

اللہ تعالیٰ کے ہاں صرف اُسی عمل کو شرفِ قبولیت عطا کیا جاتا ہے جو خالصتاً اُسی کے لیے کیا گیا ہو اور اس کا مقصود و مطلوب اُسی کی رضا ہو۔

## اللہ تعالیٰ تم میں کیا دیکھتا ہے؟

14. إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ، وَلَكِنْ يَنْظُرُ إِلَى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ(21).

(یاد رکھو!) اللہ رب العزت تمہارے چہروں (کی وجاہت) اور تمہارے اَموال کی (کثرت اور دولت کی فراوانی) کو نہیں دیکھتا بلکہ اس کی نگاہ تمہارے دلوں اور تمہارے اَعمال پر ہوتی ہے۔

## اللہ تعالیٰ باطن کو دیکھتا ہے

15. إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى أَجْسَادِكُمْ، وَلَا إِلَى صُوَرِكُمْ، وَلَكِنْ يَنْظُرُ إِلَى قُلُوْبِكُمْ(22).

---

(21) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب البر والصلة والآداب، باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله، 4/ 1987، الرقم/ 2564، وابن ماجه في السنن، كتاب الزهد، باب القناعة، 2/ 1388، الرقم/ 4143، وابن حبان في الصحيح، 2/ 119، الرقم/ 394.

(22) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب البر والصلة والآداب، باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله، 4/ 1986، الرقم/ 2564، والبيهقي في شعب الإيمان، 7/ 508، الرقم/ 11151.



https://www.minhajbooks.com

بے شک اللہ تعالیٰ نہ تمہارے جسموں (کے خدّ و خال اور ظاہری اَعمال و اَفعال) کو دیکھتا ہے اور نہ ہی تمہاری صورتوں (کی رعنائی و زیبائی) کو، بلکہ وہ تمہارے دلوں (کی نیتوں اور اَحوال) کو دیکھتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کس بندے کے ساتھ ہوتا ہے؟

16. إِنَّ اللهَ تَعَالَى يَقُوْلُ: أَنَا مَعَ عَبْدِي إِذَا هُوَ ذَكَرَنِي، وَتَحَرَّكَتْ بِي شَفَتَاهُ[23].

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: جب میرا بندہ میرا ذکر کرتا ہے اور اُس کے لب میرے ذکر کے لیے حرکت کرتے ہیں تو میں اپنے اُس بندے کے ساتھ ہوتا ہوں۔

## اللہ تعالیٰ بندے کے کس فعل پر غیرت فرماتا ہے؟

17. إِنَّ اللهَ يَغَارُ، وَغَيْرَةُ اللهِ أَنْ يَأْتِيَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ اللهُ[24].

---

(23) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب التوحيد، باب قول الله تعالى: ﴿لَا تُحَرِّكْ بِهِۦ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِۦٓ﴾ [القيامة، 75/ 16]، 6/ 2736، وأحمد بن حنبل في المسند، 2/ 540، الرقم/ 10981، 10988-10989، وابن ماجه في السنن، كتاب الأدب، باب فضل الذكر، 2/ 1246، الرقم/ 3792، وابن حبان في الصحيح، 3/ 97، الرقم/ 815، والحاكم في المستدرك، 1/ 673، الرقم/ 1824، والطبراني في المعجم الأوسط، 6/ 363، الرقم/ 6621، وأيضًا في مسند الشاميين، 1/ 320، الرقم/ 562، وأيضًا: 2/ 319، الرقم/ 1417.



https://www.minhajbooks.com

اللہ تعالیٰ (اپنی شان کے لائق) غیرت فرماتا ہے، اور اللہ تعالیٰ اِس پر غیرت فرماتا ہے کہ کوئی مومن اُس فعل کا مرتکب ہو جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے پسندیدہ عمل

18. أَحَبُّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللهِ سُرُوْرٌ تُدْخِلُهُ عَلَى مُسْلِمٍ(25).

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل وہ ہے جو کسی مسلمان کو خوشی و مسرت بہم پہنچانے کا موجب ہو۔

## اللہ تعالیٰ کو سب سے محبوب بندہ کون سا ہے؟

19. أَحْبُ النَّاسِ إِلَى اللهِ تَعَالَى أَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ(26).

---

(24) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب النكاح، باب الغيرة، 5/ 2002، الرقم/ 4924، ومسلم في الصحيح، كتاب التوبة، باب غيرة الله وتحريم الفواحش، 4/ 2114، الرقم/ 2761، والترمذي في السنن، كتاب الرضاع، باب ما جاء في الغيرة، 3/ 471، الرقم/ 1168، وابن حبان في الصحيح، 1/ 528، الرقم/ 293، وأبو يعلى في المسند، 10/ 395، الرقم/ 5998، والقضاعي في مسند الشهاب، 2/ 157، الرقم/ 1091.

(25) أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، 6/ 139، الرقم/ 6026، وأيضا في المعجم الكبير، 12/ 453، الرقم/ 13646.

(26) أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، 6/ 139، الرقم/ 6026، وأيضا في المعجم الكبير، 12/ 453، الرقم/ 13646.



https://www.minhajbooks.com

اللہ تعالیٰ کا سب سے محبوب بندہ وہ ہے جو (اُس کے) بندوں کو سب سے زیادہ نفع پہنچانے والا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کب تک بندہ کی دست گیری فرماتا ہے؟

20. وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيْهِ(27).

جب تک بندہ اپنے کسی مسلمان بھائی کی حاجت روائی میں لگا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دست گیری فرماتا رہتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیف کیسے دور کرے گا؟

21. مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ(28).

---

(27) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب الذكر والدعاء، باب فضل الإجتماع على تلاوة القرآن، 4/ 2074، الرقم/ 2699، وأحمد بن جنبل في المسند، 2/ 252، الرقم/ 7421، وأبو داود في السنن، كتاب الأدب، باب في المعونة للمسلم، 4/ 287، الرقم/ 4946، والترمذي في السنن، كتاب البر والصلة، باب ما جاء في السترة على المسلم، 4/ 326، الرقم/ 1930.

(28) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب الذكر والدعاء، باب فضل الإجتماع على تلاوة القرآن، 4/ 2074، الرقم/ 2699، وأحمد بن جنبل في المسند، 2/ 252، الرقم/ 7421، والترمذي في السنن، كتاب الحدود، باب ما جاء في الستر على المسلم، 4/ 34، الرقم/ 1425، والطبراني في المعجم الكبير، 19/ 158، الرقم/ 350.



https://www.minhajbooks.com

جس نے (اِس دنیا میں) کسی مومن کی دنیاوی تکالیف میں سے کوئی تکلیف دور کی، اللہ تعالیٰ اُس سے قیامت کی مشکلات میں سے کوئی مشکل رفع فرما دے گا۔

## روزِ قیامت اللہ تعالیٰ کے سایۂ رحمت میں کون ہو گا؟

22. إِنَّ اللهَ تَعَالَى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِي؟ اَلْيَوْمَ أُظِلُّهُمْ فِي ظِلِّي يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلِّي (29).

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: میری عظمت و جلال کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے کہاں ہیں؟ آج میں اُنہیں اپنے سایۂ رحمت میں جگہ عطا کروں گا کہ جس دن میرے سایۂ رحمت و کرم کے علاوہ کوئی اور سایہ نہیں ہے۔

## بارگاہِ الٰہی میں اَعلیٰ مقام دلانے والی دو عادات

23. إِبْتَغُوا الرِّفْعَةَ عِنْدَ اللهِ: تَحْلُمُ عَمَّنْ جَهِلَ عَلَيْكَ، وَتُعْطِي مَنْ حَرَمَكَ (30).

---

(29) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب البر والصلة والآداب، باب في فضل الحب في الله، 4/ 1988، الرقم/ 2566، وأحمد بن حنبل في المسند، 2/ 237، الرقم/ 723، 8436، 8818، 10790، 10923، والدارمي في السنن، 2/ 403، الرقم/ 2757، وابن حبان في الصحيح، 2/ 334، الرقم/ 574، والبيهقي في السنن الكبرى، 10/ 232، الرقم/ 20856.


https://www.minhajbooks.com

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اَعلیٰ مقام تلاش کرو: جو تمہارے ساتھ جہالت سے پیش آئے، تم اس سے بردباری سے پیش آؤ اور جو تمہیں محروم رکھے تم اُسے عطا کرو۔

## رب کی اطاعت کا فائدہ اور نافرمانی کا نقصان

24. يَا ابْنَ آدَمَ، أَطِعْ رَبَّكَ تُسَمَّى عَاقِلًا، وَلَا تَعْصِ رَبَّكَ فَتُسَمَّى جَاهِلًا(31).

اے انسان ! اپنے رب کی اطاعت کر تجھے عقل مند کہا جائے گا، اُس کی نافرمانی نہ کر (ورنہ) تجھے جاہل کہا جائے گا۔

## اللہ کا پسندیدہ گھر کون سا ہے؟

25. إِنَّ أَحَبَّ الْبُيُوْتِ إِلَى اللهِ بَيْتٌ فِيْهِ يَتِيْمٌ مُكْرَمٌ(32).

اللہ تعالیٰ کو وہ گھر سب سے زیادہ پسند ہے جس میں یتیم باعزت (زندگی گزار رہا) ہو۔

---

(30) ذكره الهندي في كنز العمال، 3/ 56، الرقم/ 5828، وابن حجر الهيتمي في الزواجر، 1/ 118.

(31) أخرجه الحارث في المسند (زوائد الهيثمي)، 2/ 813، الرقم/ 841، وأبو نعيم في حلية الأولياء، 6/ 345، والديلمي في مسند الفردوس، 5/ 282، الرقم/ 8190، والعسقلاني في المطالب العالية، 13/ 720، الرقم/ 3308.

(32) أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، 12/ 388، الرقم/ 13434، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، 3/ 236، الرقم/ 3839.



https://www.minhajbooks.com

## اللہ کا کنبہ

26. اَلْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِيَالُ اللهِ، فَأَحَبُّ الْخَلْقِ إِلَى اللهِ أَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهِ(33).

تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے، اللہ تعالیٰ کو ساری مخلوق میں سب سے زیادہ وہ شخص محبوب ہے جو اس کے کنبہ کے لیے سب سے زیادہ نفع رساں ہو۔

## اللہ تعالیٰ کو ناپسندیدہ اُمور: لایعنی گفتگو، کثرتِ سوال اور ضیاعِ مال

27. إِنَّ اللهَ كَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ(34).

اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے (غلط اور فضول) گفت گو، کثرتِ سوال اور مال ضائع کرنے کو ناپسند کیا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سخت ناپسندیدہ شخص کون؟

28. إِنَّ أَبْغَضَ الرِّجَالِ إِلَى اللهِ الْأَلَدُّ الْخَصِمُ(35).

(33) أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، 10/ 86، الرقم/ 10033، والقضاعي في مسند الشهاب، 2/ 255، الرقم/ 1306.

(34) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الاستقراض وأداء الديون والحجر والتفليس، باب ما ينهى عن إضاعة المال، 2/ 848، الرقم/ 2277، وأيضًا في كتاب الأدب، باب عقوق الوالدين من الكبائر، 5/ 2229، الرقم/ 5630، ومسلم في الصحيح، كتاب الأقضية، باب النهي عن كثرة المسائل من غير حاجة، 3/ 1341، الرقم/ 593.



https://www.minhajbooks.com

اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں جھگڑالو انسان سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے۔

## اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے محبوب بنانے والے اَعمال

29. فَإِنْ أَحْبَبْتُمْ أَنْ يُحِبَّكُمُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ فَأَدُّوا إِذَا ائْتُمِنْتُمْ، وَاصْدُقُوا إِذَا حَدَّثْتُمْ، وَأَحْسِنُوا جِوَارَ مَنْ جَاوَرَكُمْ(36).

اگر تم یہ چاہو کہ تمہیں اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول (ﷺ) محبوب رکھیں، تو جب تمہیں امین بنایا جائے تو (امانت) ادا کرو اور جب بولو تو سچی بات کرو اور جو تمہارے پڑوس میں رہے اُس سے اچھا سلوک کرو۔

## حضور ﷺ کے ساتھ شدید محبت کرنے والے خوش قسمت کون؟

30. مِنْ أَشَدِّ أُمَّتِي لِي حُبًّا نَاسٌ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِي، يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ رَآنِي بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ(37).

---

(35) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب المظالم، باب قول الله تعالى: (وهو ألد الخصام)، 2/ 867، الرقم/ 2325، ومسلم في الصحيح، كتاب العلم، باب في الألد الخصم، 4/ 2054، الرقم/ 2668، وأحمد بن حنبل في المسند، 6/ 63، الرقم/ 24388.

(36) أخرجه الطبراني في مسند الشاميين، 2/ 19، الرقم/ 840، وذكره الهندي في كنز العمال، 1/ 132، الرقم/ 1207.

(37) أخرجه مسلم فى الصحيح، كتاب الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب فيمن يود رؤية النبى ﷺ بأهله وماله، 4/ 2178، الرقم/ 2832، وأحمد بن حنبل فى



https://www.minhajbooks.com

میری اُمت میں سے میرے ساتھ شدید محبت کرنے والے وہ لوگ ہیں جو میرے بعد آئیں گے۔ ان میں سے ہر ایک کی تمنا یہ ہوگی کہ کاش وہ اپنے سب اَہل و عیال اور مال و اَسباب کے بدلے میں مجھے (ایک مرتبہ) دیکھ لیں۔

## رسول اللہ ﷺ کی طرف جھوٹ منسوب کرنے والے کا ٹھکانہ جہنم

31. إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلَى أَحَدٍ، مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ(38).

میری طرف جھوٹ منسوب کرنا ایسا نہیں ہے جیسے کسی عام شخص پر جھوٹ باندھنا (کیونکہ کسی عام شخص پر جھوٹ باندھنے سے جھوٹ بولنے والے کا نقصان ہوگا یا جس پر جھوٹ باندھا اُس کا بھی یا اور دو تین آدمیوں کا سہی، لیکن رسول اللہ ﷺ کی طرف جھوٹ منسوب کرنے سے ایک عالَم گمراہ ہوگا اور دنیا کو نقصان پہنچے گا)۔ پھر جس شخص نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ منسوب کیا تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

---

المسند، 2/ 417، الرقم/ 9388، وابن حبان فی الصحیح، 16/ 214، الرقم/ 7231.

(38) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الجنائز، باب ما يكره من النياحة على الميت، 1/ 434، الرقم/ 1229، ومسلم في الصحيح، باب تغليظ الكذب على رسول الله ﷺ، 1/ 10، الرقم/ 4، وأحمد بن حنبل في المسند، 4/ 245، الرقم/ 18165.



https://www.minhajbooks.com

## رسول اللہ ﷺ نے کن چار چیزوں سے پناہ مانگی؟

32. أَللَّهُمَّ، إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا(39).

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اُس علم سے جو نفع نہ دے، اُس دل سے جو تجھ سے ڈرتا نہ ہو، اُس نفس سے جو سیر نہ ہوتا ہو اور اُس دعا سے جو قبول نہ ہو۔

## حضور ﷺ نے کن لوگوں کے حلقے میں شمولیت کی دعا مانگی؟

33. اَللَّهُمَّ، اجْعَلْنِي مِنَ الَّذِينَ إِذَا أَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوا، وَإِذَا أَسَاءُوا اسْتَغْفَرُوا(40).

(39) أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب التعوذ من شر ما عمل ومن شر ما لم يعمل، 4/ 2088، الرقم/ 2722، وأحمد بن حنبل في المسند، 4/ 371، الرقم/ 19327، والنسائي في السنن، كتاب الاستعاذة، باب الاستعاذة من دعاء لا يستجاب، 8/ 285، الرقم/ 5538، وابن ماجه عن أبي هريرة ﷺ في السنن، المقدمة، باب الانتفاع بالعلم والعمل به، 1/ 92، الرقم/ 250.

(40) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، 6/ 129، الرقم/ 25024، وابن ماجه في السنن، كتاب الأدب، باب الاستغفار، 2/ 1255، الرقم/ 3820، وأبو يعلى في المسند، 7/ 446، الرقم/ 4472.



https://www.minhajbooks.com

اے اللہ! مجھے اُن لوگوں میں سے بنا دے جو نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، اور جب برا کام کرتے ہیں تو اس سے استغفار کرتے ہیں۔

## حضور ﷺ نے کن چار چیزوں کے حصول کے لیے دستِ دعا بلند کیے؟

34. اَللّٰهُمَّ، أَغْنِنِي بِالْعِلْمِ، وَزَيِّنِّي بِالْحِلْمِ، وَأَكْرِمْنِي بِالتَّقْوَى، وَجَمِّلْنِي بِالْعَافِيَةِ(41).

اے اللہ ! مجھے علم کے ساتھ مال دار کر، بُردباری کے ساتھ مجھے مزیّن فرما، تقویٰ کے ساتھ مجھے باعزت بنا اور عافیت کے ساتھ مجھے حسن و جمال بخش۔

## دین کا ستون

35. اَلصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ(42).

نماز دین کا ستون ہے۔

(41) أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، 1/ 469، الرقم/ 1906، وذكره الغزالي في إحياء علوم الدين، 3/ 176، والسبكي في طبقات الشافعية الكبرى، 6/ 342، الرقم/ 4472، والهندي في كنز العمال، 2/ 89، الرقم/ 3757.

(42) أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول في أحاديث الرسول، 3/ 136، والديلمي في مسند الفردوس، 2/ 415، الرقم/ 3844، والعسقلاني في تلخيص الحبير، 1/ 173.



https://www.minhajbooks.com

## باجماعت نماز کی ادائیگی کے لیے سکون سے آؤ

36. إِذَا أَتَيْتُمُ الصَّلاَةَ فَعَلَيْكُمْ بِالسَّكِيْنَةِ، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا، وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا[43].

جب تم نماز کے لیے آؤ تو سکون کے ساتھ آؤ (دوڑتے ہوئے نہ آؤ)، پھر جتنی نماز جماعت کے ساتھ مل جائے وہ ادا کرلو، جو حصہ فوت ہوجائے اس کو بعد میں مکمل کرلو۔

## تحیۃ المسجد کی ادائیگی

37. إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَجْلِسَ[44].

---

(43) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الأذان، باب قول الرجل: فاتتنا الصلاة، 1/ 228، الرقم/ 609، ومسلم في الصحيح، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب استحباب إتيان الصلاة بوقار وسكينة والنهي عن إتيانها سعيا، 1/ 420، الرقم/ 602، وأبوداود في السنن، كتاب الصلاة، باب السعي إلى الصلاة، 1/ 156، الرقم/ 572.

(44) أخرجه البخاري في الصحيح، أبواب المساجد، باب إذا دخل المسجد فليركع ركعتين، 1/ 170، الرقم/ 433، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب استحباب تحية المسجد بركعتين وكراهة الجلوس قبل صلاتهما وأنها مشروعة في جميع الأوقات، 1/ 495، الرقم/ 714، وأحمد بن حنبل في المسند، 5/ 295، الرقم/ 22576.



https://www.minhajbooks.com

جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز (تحیۃ المسجد) ادا کرے۔

## بچے کو نماز کی ترغیب کا حکم

38. إِذَا عَرَفَ الْغُلَامُ يَمِيْنَهُ مِنْ شِمَالِهِ، فَمُرُوْهُ بِالصَّلَاةِ(45).

جب بچہ اپنے دائیں اور بائیں ہاتھ میں تمیز کرنا سیکھ لے تو اُسے نماز کا حکم دو۔

## نماز، زکٰوۃ، صدقہ اور قرآن

39. اَلصَّلَاةُ نُوْرٌ، وَالزَّكَاةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّدَقَةُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ(46).

نماز نور ہے، زکوٰۃ واضح دلیل ہے، صبر روشنی ہے، جب کہ قرآن حجت (کامل دلیل) ہے تیرے حق میں بھی اور تیرے خلاف بھی۔

---

(45) أخرجه أبو داود في السنن، كتاب الصلاة، باب متى يؤمر الغلام بالصلاة، 1/ 134، الرقم/ 497، وابن أبي شيبة في المصنف، 1/ 304، الرقم/ 3481، والطبراني في المعجم الأوسط، 3/ 235، الرقم/ 3019.

(46) أخرجه النسائي في السنن، كتاب الزكاة، باب وجوب الزكاة، 5/ 5-6، الرقم/ 2437، وابن ماجه في السنن، كتاب الطهارة وسننها، باب الوضوء شطر الإيمان، 1/ 102، الرقم/ 280، وابن حبان في الصحيح، 3/ 124، الرقم/ 844.

## روزِ قیامت اَعضاے وضو کی تابندگی

40. إِنَّ أُمَّتِي يُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُحَجَّلِيْنَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ(47).

قیامت کے روز میرے اُمتی اَعضاے وضو کی چمک کے باعث روشن و سفید چہرے اور سفید ہاتھ پاؤں والے (پنج کلیان) کہہ کر بلائے جائیں گے۔

## آمدِ رمضان کی برکات

41. إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ، فُتِّحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ، وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ(48).

جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو آسمان کے تمام دروازے کھول دیے جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیاطین کو زنجیروں سے جکڑ دیا جاتا ہے۔

---

(47) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الوضوء، باب فضل الوضوء، 1/ 63، الرقم/ 136، ومسلم في الصحيح، كتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، 1/ 216، الرقم/ 246.

(48) أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الصوم، باب هل يقال رمضان أو شهر رمضان ومن رأى كله واسعا، 2/ 672، الرقم/ 1800، ومسلم في الصحيح، كتاب الصيام، باب فضل شهر رمضان، 2/ 758، الرقم/ 1079، وأحمد بن حنبل في المسند، 5/ 281، الرقم/ 7767-7768.



https://www.minhajbooks.com

## روزہ اور صحت مند زندگی

42. صُوْمُوْا تَصِحُّوْا(49).

روزے رکھو، تم صحت مند رہو گے۔

## نفلی نماز، روزہ اور زکوٰۃ سے بھی اَفضل عمل

43. أَلَا أُخْبِرُکُمْ بِأَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ؟ قَالُوْا: بَلَى. قَالَ: إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ، وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ هِيَ الْحَالِقَةُ(50).

کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جو درجے میں نماز، روزہ اور زکوٰۃ سے بھی افضل ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے: (یا رسول اللہ!) کیوں نہیں! (ضرور بتایئے۔) آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کے درمیان صلح کرانا، (کیونکہ) باہمی تعلقات کا بگاڑ اَمن و سلامتی کو تباہ کرنے (اور ظلم و زیادتی کو فروغ دینے) والا عمل ہے (اور رشتوں کی خرابی قطع رحمی کا باعث بنتی ہے)۔

(49) أخرجه الديلمي في مسند الفردوس، 2/ 393، الرقم/ 3745، وذكره الهندي في كنز العمال، 8/ 210، الرقم/ 23605.

(50) أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، 6/ 444، الرقم/ 27548، وأبو داود في السنن، كتاب الأدب، باب في إصلاح ذات البين، 4/ 280، الرقم/ 4919، والترمذي في السنن، كتاب صفة القيامة والرقائق والورع، باب: (56)، 4/ 663، الرقم/ 2509، وابن حبان في الصحيح، 11/ 489، الرقم/ 5092.



https://www.minhajbooks.com

## سب سے آسان عبادت

44. أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَيْسَرِ الْعِبَادَةِ وَأَهْوَنِهَا عَلَى الْبَدَنِ: اَلصَّمْتُ، وَحُسْنُ الْخُلُقِ[51].

کیا میں تمہیں سب سے آسان عبادت کے بارے میں نہ بتاؤں جو جسم پر بھی بہت ہلکی محسوس ہوتی ہے: وہ (عبادت) خاموشی اور حُسنِ خلق ہے۔

## اَفضل عبادت

45. أَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الْفِقْهُ، وَأَفْضَلُ الدِّينِ الْوَرَعُ[52].

افضل عبادت دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرنا اور افضل دین زُہد و ورع کا حصول ہے۔

## سب سے اَعلیٰ عمل

46. أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ: اَلْحُبُّ فِي اللهِ، وَالْبُغْضُ فِي اللهِ[53].

---

(51) أخرجه ابن أبي الدنيا في الصمت وآداب اللسان، 1/ 58، الرقم/ 27، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، 3/ 272، الرقم/ 4010، وملا علي القاري في مرقاة المفاتيح، 9/ 94.

(52) أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، 9/ 107، الرقم/ 9264، وأيضًا في المعجم الصغير، 2/ 251، الرقم/ 1114، والقضاعي في مسند الشهاب، 2/ 249، الرقم/ 1290.



https://www.minhajbooks.com

اَعمال میں سب سے اَفضل عمل اللہ تعالیٰ کے لیے محبت رکھنا اور اللہ تعالیٰ کے لیے بغض رکھنا ہے۔

## نیکیوں کے ترازو کو بھر دینے والا ایک کلمہ

47. إِسْبَاغُ الْوُضُوءِ شَطْرُ الْإِيمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَأُ الْمِيْزَانَ(54).

کامل وضو کرنا آدھا ایمان ہے، (ہر حال میں) 'الحمد للہ' کہنا (روزِ محشر) نیکیوں کے ترازو کو بھر دے گا۔

